# چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چودھری کے نام الطاف حسین کا دوسرا کھلا خط

ازلندن 16 جولائی 2009ء

محترم چیف جسٹس افتخار محمد چودھری

چیف جسٹس آف پاکستان

شاہراہ دستور اسلام آباد

السلام علیکم


راقم الطاف حسین ولد نذیر حسین مرحوم

رہائش مستقل۔۔۔494/8 عزیز آباد فیڈرل بی ایریا کراچی، پاکستان

عارضی رابطہ کا پتہ۔۔۔انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن

54-58 First Floor

Elizabeth House

High Street

Edgware Middlesex

UK HA8 7EJ

فون نمبر: 7300 905 208 44+ فیکس نمبر: 9282 952 208 44+

اور ای میل ایڈریس mqm@mqm.org ہے۔


محترم جسٹس افتخار محمد چودھری! یہ میرا آپ کو دوسرا کھلا خط ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ میرے اس دوسرے خط کو ایک درخواست (Petition) سمجھتے ہوئے اپنے قانونی اختیارات استعمال کرتے ہوئے درج ذیل حقائق کی تحقیقات کا حکم صادر فرمائیں گے اور درجنوں ماؤں بہنوں، بزرگوں اور معصوم بچوں کی دعاؤں سے سرفراز ہوں گے۔

محترم جسٹس افتخار محمد چودھری! جون 1992ء میں ایم کیو ایم کے خلاف فوجی آپریشن سے قبل پاک فوج کے اعلیٰ حکام نے جرائم کی بڑی وارداتوں بشمول اغواء برائے تاوان، ڈکیتی اور لوٹ مار کی بڑی وارداتوں میں ملوث اور انہیں پناہ دینے والے سرپرست 72 افراد (بڑی مچھلیوں) کی فہرست جاری کی اور ان کے خلاف سندھ میں آپریشن کرنے کا اعلان کیا کہ فوج ان دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی کرے گی۔ واضح رہے کہ ان 72 افراد کی فہرست متعدد مرتبہ قومی اسمبلی کے فلور پر پیش کرنے والے مسلم لیگ (ن) کے رہنماء چودھری نثار الحمدللہ بقید حیات ہیں، عدالتِ عظمیٰ انہیں طلب کر کے یہ فہرست ان سے حاصل کر سکتی ہے۔ 72 مطلوبہ افراد کے خلاف کئے جانے والے آپریشن کی آڑ میں یہ آپریشن ایم کیو ایم جو ملک کی تیسری بڑی سیاسی جماعت ہے اسکے خلاف شروع کر دیا گیا۔ اس دوران ایم کیو ایم کے ہزاروں رہنماؤں، کارکنوں، ہمدردوں اور ان کے رشتہ داروں کو شہید کر دیا گیا جسکی آج تک کوئی تحقیقات نہیں ہوئیں۔ اس سلسلہ میں 1994ء میں ایم کیو ایم کی جانب سے ملک کے مایہء ناز قانونی ماہر اور آئینی ماہر بیرسٹر ڈاکٹر فاروق حسن نے سپریم کورٹ میں ایک طویل درخواست (Petition) داخل کی جسکی شنوائی آج تک نہ ہو سکی اور نامعلوم وجہ کی بنیاد پر داخل دفتر کر دی گئی۔

محترم جسٹس افتخار محمد چودھری! آپ ملک کے وہ واحد چیف جسٹس ہیں جو ظلم و جبر اور ناانصافیوں کے شکار عوام سے نہ صرف یہ کہ خود ملاقاتیں کر کے ان کی روداد سنتے ہیں بلکہ تحریر شدہ اپیلوں اور درخواستوں کا نوٹس بھی لیتے ہیں۔ اس آپریشن کے دوران ایم کیو ایم کے 28 کارکنوں کو ان کے والدین اور اہل خانہ کے سامنے گرفتار کیا گیا لیکن حکمرانوں سے بار بار کی اپیلوں، درخواستوں اور مطالبات پر کسی نے کبھی نہ تو کوئی نوٹس لیا اور نہ ہی کوئی توجہ دی، البتہ مارچ 1998ء میں اس وقت کے وفاقی وزیر داخلہ چودھری شجاعت حسین صاحب نے سینیٹ کے اجلاس میں یہ بیان دیا تھا کہ ایم کیو ایم کے ان لاپتہ کارکنوں کو قتل کر کے اسلام آباد کی مارگلہ کی پہاڑیوں میں دفنا دیا گیا ہے۔ ان لاپتہ کارکنوں کے اہل خانہ کی جانب سے ایک درخواست (Petition) سپریم کورٹ میں داخل بھی کی جا چکی ہے جس کا آج تک کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو سکا۔

محترم جسٹس افتخار محمد چودھری! آپ سے میری مؤدبانہ اور عاجزانہ اپیل ہے اور میں خدا اور رسول کا واسطہ دے کر آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ اپنے قیمتی وقت اور مصروفیات میں

سے کچھ وقت نکال کران لا پتہ کارکنوں کے والدین اوراہل خانہ سے ملاقات کر کے ان سے انکے بچوں کے لا پتہ ہونے اوران کی گرفتاری سے متعلق حقائق خود اپنے کانوں سے سنیں اوران لا پتہ افراد کے والدین اوراہل خانہ کواپنی آنکھوں سے بھی دیکھ سکیں تاکہ آپ اپنے ضمیر کے مطابق اس سلسلہ میں حکومت کوکوئی حکم صادرفرماسکیں اوران لا پتہ کارکنوں کے والدین اوراہل خانہ کونہ صرف یہ کہ حقائق سے آگاہی ہوسکے بلکہ ان کارکنوں کوگرفتار کر کے انہیں غائب کردینے والے عناصر سے لا پتہ کارکنوں کے اہل خانہ سمیت تمام اہل پاکستان آگاہ ہوسکیں اورذمہ دارعناصرکوقانون کی گرفت میں لایاجاسکے۔

محترم جسٹس افتخار محمد چودھری! ان 28 لا پتہ کارکنوں کے نام، تصاویراوردیگر کوائف میرے اس خط کے ساتھ منسلک ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ میری اس اپیل پرضرورتوجہ دیں گے۔

والسلام

خیراندیش

الطاف حسین

(لندن)

## مجلس علماءاہلبیت پاراچنار کے وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔16/جولائی 2009ء

مجلس علماءاہلبیت پاراچنار کے ایک وفد نے بدھ کے روزایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔وفد کی قیادت مجلس کے صدر حجۃ الاسلام آفاقی محمد حسین نے کی جبکہ اس موقع پران کے ہمراہ جنرل سیکریٹری حجۃ الاسلام احمد علی روحانی اوررکن مجلس حجۃ الاسلام جناب نوراکبرحمیدی کے علاوہ جعفریہ الائنس کے نائب صدرعلامہ آغامسعودی اورسینئرعلامہ عباس کمیلی بھی موجود تھے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد میں ہونیوالی اس ملاقات میں ارکان رابطہ کمیٹی کنورخالد یونس ،سیف یارخان، ڈاکٹرصغیراحمد، علماءکمیٹی کے انچارج وارا کین اورصوبائی کمیٹی کے اراکین سے گفتگوکرتے ہوئے علماء نے پاراچنار کے حوالے سے بیانات جاری کرنے اوروہاں کےعوام کے مسائل اوران کے حل کے حوالے سےحق پرست اراکین قومی اسمبلی کی جانب سےایوان میں آوازاٹھانے پرمتحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین سےاظہارتشکرکیاہےاوران کی صحت اوردرازی عمرکیلئے دعاکی۔علماءنے کہاکہ قائدتحریک الطاف حسین کے پاراچنار کےحوالے سے جاری ہونیوالے بیانات اوران کےاصولی موقف سے پاراچنار کےعوام کااعتمادبحال ہواہے۔وفدنے جناب الطاف حسین سےاپیل کی کہ وہ پاراچنارمیں فضائی سروس کی دوبارہ بحالی کیلئے اپنااثرواسوخ استعمال کریں۔

## ایم کیوایم کے ہمدردعبدالحفیظ کےقتل کانوٹس لیاجائے، رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں اورمنتخب نمائندوں کےقتل کےمسلسل واقعات کراچی کاامن وسکون غارت کرنے کی سازش ہے

کراچی۔۔۔16/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلبہار کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم یونٹ 180 کے ہمدردعبدالحفیظ عرف بابوبھائی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ عبدالحفیظ بدھ کی شام مغرب کی نمازکی ادائیگی کے بعداپنے گھر کےقریب بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹرسائیکل پرسوارمسلح دہشت گردوں نے انہیں فائرنگ کر کے شہید کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان، ہمدردوں اورمنتخب نمائندوں کےقتل کےمسلسل واقعات کراچی کاامن وسکون غارت کرنے کی سازش ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ جوعناصراپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کوقتل کررہے

ہیں وہ کراچی اوراس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گلبہار میں ایم کیوایم کے ہمدردعبدالحفیظ کے قتل کا نوٹس لیا جائے اورسفاک قاتلوں کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے عبدالحفیظ شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدکو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## گلبہار میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے عبدالحفیظ کوسپردخاک کردیا گیا

## نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اورمنتخب نمائندوں سمیت لوگوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔16/جولائی2009ء

گلبہار کے علاقے میں مسلح موٹرسائیکل سواردہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ یونٹ 182 کے کارکن صابر کے سسرعبدالحفیظ عرف بابو بھائی کوآج گھجی گراؤنڈ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعدنمازظہرا کبری مسجد میں ادا کی گئی،نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی فرحت خان،رکن صوبائی اسمبلی ریحان ظفر،لیاقت آبادٹاؤن کے ناظم اسامہ قادری، نائب ٹاؤن ناظم محمدریحان،یوسی ناظمین،کونسلر،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ناظم آباد گلبہارسیکٹرکمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعدازاں ایم کیوایم کے ذمہ داران اورحق پرست منتخب نمائندگان نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرددلشادکی رہائش گاہ جاکران کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔

## ایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر کے سینئرکارکن خواجہ فیروزاقبال کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔16/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لائنزایریاسیکٹر کے سینئرکارکن خواجہ فیروزاقبال کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں اورغم زدہ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خواجہ فیروزاقبال مرحوم کواپنی جواررحمت میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## دہشت گردی کے واقعہ میں ایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹر کے ہمدردعبدالحفیظ عرف بابو بھائی کی شہادت پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔16/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ٹارگٹ کلنگ کے واقعے میں ایم کیوایم گلبہارسیکٹر کے ہمدردعبدالحفیظ عرف بابو بھائی کی دہشتگردوں کے ہاتھوں المناک شہادت پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ دکھ اورافسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالحفیظ شہیدکو اپنی جواررحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے ذیلی یونٹس کی تنظیم نو

کراچی۔۔۔16رجولائی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او سیکٹر''بی'' کے ذیلی یونٹس کی تنظیم نو کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان مرکزی کابینہ کے ارکان نے سٹی گورنمنٹ کالج میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا۔اجلاس میں گورنمنٹ پریمئر مارننگ اینڈ ایوننگ کالج ،سراج الدولہ گورنمنٹ کالج ،فائیو ایل ڈگری کالج ،سیفی کالج ، بفرزون ڈگری کالج ،گورنمنٹ کمپری ہنسیو کالج ،گورنمنٹ کمرشل کالج عزیز آباد ،لیاقت آباد ڈگری کالج ،شادمان ڈگری کالج ،مونوٹیکنیک کالج ،گورنمنٹ کالج ،گورنمنٹ ایجوکیشن بی ایڈ کالج کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے اراکین نے اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے سیکٹر کمیٹی اور تمام کالجز یونٹ کے نومنتخب عہدیداران کے ناموں کا اعلان کیا۔اس موقع پر کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی کابینہ کے اراکین نے اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کومحسوس کرتے ہوئے تحریک کے پیغام کوزیادہ سے زیادہ پھیلائیں ۔انہوں نے کہا کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے 11جون 1978ءکوجامعہ کراچی میں جس تحریک کا بنیاد رکھی تھی وہ آج ایک تناور درخت بن چکی ہے اور آج قائد تحریک کے کا نظریہ پوری دنیا میں پھیل چکا ہے اور آج پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد حق پرستی کی تحریک میں شامل ہورہے ہیں۔انہوں نے طلباء کارکنان پر زور دیا کہ وہ حصول علم کے ساتھ ساتھ عوام میں شعور بیداری کیلئے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور خود کو نظریاتی طور پر مضبوط بنانے کیلئے تنظیمی لٹریچر کا مطالعہ کریں۔قبل ازیں مرکزی کمیٹی کے اراکین نے سیکٹر بی کے ذمہ داران سیکٹر بی کے نئے ذمہ اداران کو مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16رجولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن خواجہ فیروز اقبال ،ایم کیوایم گلشن معمار اسکیم 33 ایوب گوٹھ یونٹ کے یونٹ انچارج محمد شہزاد کی ہمشیرہ آنسہ سعدیہ بی بی ،ایم کیوایم نوشیر و فیروز زون بھریا روڈ یونٹ کے انچارج محمد رفیق کے والد فقیر محمد ،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن ظہیر احمد کے والد عبدالحمید ،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن محمد اشرف کی والدہ حلیمہ بائی اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 182 کے کارکن صابر کے سسر اور ایم کیوایم کے ہمدرد عبدالحفیظ عرف بابو بھائی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیر اہتمام خورشید بیگم میموریل ہال میں کورین تھراپی کورس کا تربیتی کورس منعقد کیا گیا

کراچی۔۔۔16رجولائی 2009ء

سابق وزیر صحت فوزیہ لاری نے کہا کہ انسان کے بدن میں ہونے والی مختلف تکالیف کا علاج ہاتھ کے مختلف حصوں پر دباؤ کے ذریعہ دور کیا جاسکتا ہے۔یہ بات انہوں نے گذشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ شعبہءخواتین کے زیر اہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کورین تھراپی کورس کے موقع شرکاء سے خطاب کرتے ہوئی کہی۔انہوں نے کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ اس کورس سے آگہی کے بعد خواتین اس ہنر کو روزگار کے طور پر بھی اپنا کر معاشرہ میں اعلیٰ مقام حاصل کرسکتی ہیں۔اس موقع پر ایم کی ایم شعبہ خواتین کی مرکزی کمیٹی کی اراکین نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایسے تعلیمی وتربیتی پروگرامز کا انعقاد شروع کیا گیا ہے کیونکہ خواتین کسی بھی معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہیں اور ریڑھ کی ہڈی کی مضبوطی جسم کی مضبوطی ہوتی ہے اور صحت مند جسم اچھے ذہن اور مثبت سوچ وفکر کی تخلیق کا باعث بنتے ہیں۔آخر میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وعمر درازی کی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆